گروپ : پہلا | 1st Annual 2024 گیارہویں کلاس | کل نمبر = 20

## حصہ معروضی

ہدایات: ہر جز کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر جز کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

11th Class Urdu Objective Paper Group 1 DG Khan Board 2024

سوال نمبر۔1

-1 " گل کو ہوتا صبا قرار اے کاش " میں " اے کاش " ہے
(A) مطلع (B) مقطع (C) قافیہ (D) ردیف

-2 مقطع کی بنیادی پہچان ہے
(A) تخلص (B) تعلی (C) قافیہ (D) ردیف

-3 جس مقصد کیلئے تشبیہ دی جاتی ہے۔ اسے کہتے ہیں
(A) غرض تشبیہ (B) ادات تشبیہ (C) حروف تشبیہ (D) طرفین تشبیہ

-4 جوں، مثل، جیسا، مانند کہلاتے ہیں
(A) سادہ حروف (B) حروف تشبیہ (C) مہمل حروف (D) مفرد حروف

-5 " صنم آخر خدا نہیں ہوتا " میں مستعارلہٗ ہے
(A) محبوب (B) عاشق (C) رقیب (D) خدا

-6 تلمیح ۔۔۔۔۔۔۔ زبان کا لفظ ہے
(A) فارسی (B) اردو (C) عربی (D) ہندی

-7 " جامِ جم سے مرا جامِ سِفال اچھا ہے " اس میں " جامِ جم " ہے
(A) استعارہ (B) تشبیہ (C) تلمیح (D) ارکان تشبیہ

-8 شاعر۔۔۔۔۔۔۔ بیاض چھپ گئی
(A) کی (B) کا (C) کو (D) کے

-9 پتنگ کٹ ۔۔۔۔۔۔۔
(A) گیا (B) گئی (C) گے (D) گئیں

-10 آج چمن میں کیا خوب پَون چل۔۔۔۔۔۔۔ ہے
(A) رہا (B) رہیں (C) رہی (D) رہے

-11 ہم نے تاش ۔۔۔۔۔۔۔
(A) کھیلی (B) کھیلے (C) کھیلا (D) کھیلیں

-12 بات رکھتے ہی ترازو ٹوٹ ۔۔۔۔۔۔۔
(A) گیا (B) گئیں (C) گئے (D) گئی

-13 انسان کی قومی ترقی کی نسبت ہم لوگوں کا خیال ہے کہ
(A) راہ نما ملے (B) خضر ملے (C) خیر خواہ ملے (D) ہم نوا ملے

-14 حضرت قمر کی بیوی کا نام تھا
(A) سلمیٰ (B) سکینہ (C) رضیہ (D) عذرا

-15 علامہ اقبالؒ کو جس حکیم کی دوا سے فائدہ ہوا، اس کا تعلق تھا
(A) دہلی سے (B) بنارس سے (C) کلکتہ سے (D) گورداس پور سے

-16 ابن انشاء سفرنامہ کے جواب میں لکھنے کے خواہش مند تھے
(A) سیاحت نامہ (B) قیام نامہ (C) سوال نامہ (D) شاہ نامہ

-17 مشتاق احمد یوسفی کے " دوست " کا نام تھا
(A) مرزا علیم بیگ (B) مرزا عبدالسلام بیگ (C) مرزا علی بیگ (D) مرزا عبد الودود بیگ

-18 مطلع کے لغوی معنی ہیں
(A) طلوع ہونے کی جگہ (B) غروب ہونے کی جگہ (C) سونے کی جگہ (D) ٹھیرنے کی جگہ

-19 " مطلع " غزل کا ہوتا ہے
(A) نصیب (B) تشبیب (C) نقیب (D) رقیب

-20 غزل کیلئے ضروری ہے
(A) ردیف (B) قافیہ (C) تشبیہ (D) استعارہ

pakcity.org


Please visit for more Data at: www.pakcity.org

11th Class Urdu Subjective Paper Group 1 DG Khan Board 2024

حصہ انشائیہ

**سوال نمبر۔2** (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ **1+1+8=10**

ان کواکب کے عوض ، ہوں گے نئے انجم طلوع
ان دنوں رخشندہ تر ، یہ آسماں ہوجائے گا
پھر نئے محمود ہوں گے حامیٔ دینِ متیں
بچہ بچہ ، غیرتِ الپ ارسلاں ہوجائے گا

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ **1+3+3+3=10**

سنانے کے قابل جو تھی بات ان کو وہی رہ گئی ، درمیاں آتے آتے
مرے آشیاں کے تو تھے چار تنکے چمن اڑ گیا ، آندھیاں آتے آتے
نہیں کھیل اے داغؔ ! یاروں سے کہ دو
کہ آتی ہے اردو زباں آتے آتے

**سوال نمبر۔3** سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ **1+1+3+10=15**

(الف) ابوالقاسم الزہراوی سرجری میں جو نادر آپریشن انجام دیتا تھا، اپنے روز افزوں تجربے سے اِس فن میں جو نئی نئی راہیں دریافت کرتا تھا، آپریشن کرنے کے لیے اپنی نگرانی میں جو نئے نئے آلات بنواتا تھا، ان سب کی تفصیل وہ احاطہ قلم میں لاتا جاتا تھا، یہاں تک کہ اس کے قلم سے عملی سرجری پر ایک یگانۂ روزگار تصنیف ظہور میں آگئی جو صدیوں تک یورپ کی یونیورسٹیوں میں سرجری کی واحد معیاری کتاب کے طور پر داخل درس رہی۔

(ب) رسالہ ایسٹ اینڈ ویسٹ (انگریزی) کے اگست کے نمبر میں ڈاکٹر عبدالرحمٰن صاحب نے ایک ریویو دونوں مثنویوں پر لکھا ہے۔ نہایت قابلیت سے لکھا ہے۔ اگر اس ریویو کی کوئی کاپی مل گئی تو ارسال خدمت کروں گا۔ آج " زمانہ " میں ایک ریویو نظر سے گزرا۔ " زمانہ " کے اسی نمبر میں آپ کے اشعار بھی دیکھے جن کو کئی دفعہ پڑھا ہے اور ابھی کئی بار پڑھوں گا۔

**سوال نمبر۔4** درج ذیل میں سے کسی ایک نثری سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ **9+1=10**

(الف) اسوہ حسنہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم (ب) چراغ کی لَو

**سوال نمبر۔5** علامہ محمد اقبالؔ کی نظم " پیغام " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ **5**

**سوال نمبر۔6** بیرون ملک اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے خواہش مند دو طالب علموں کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔ **10**

**یا**

کالج میں منعقدہ " یوم آزادی " کی تقریب کی روداد تحریر کیجیے۔

**سوال نمبر۔7** لائبریری کے لیے نئی کتب منگوانے کے لیے پرنسپل کے نام درخواست تحریر کیجیے۔ **10**

**سوال نمبر۔8** درج ذیل پیراگراف کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی لکھیے **2+8=10**

ایک شخص رات کے اندھیرے میں پہاڑ کی چوٹی سے گرا۔ گرتے گرتے اس نے درخت کی شاخ پکڑلی۔ وہ شاخ کو بڑی دیر تک اس خوف سے تھامے رہا کہ اگر شاخ چھوٹ گئی تو گر کر مرجاؤں گا۔ آخر بڑی دیر بعد اس نے زندگی سے مایوس ہوکر شاخ چھوڑ دی۔ مگر خوش قسمتی سے زمین قریب تھی۔ اسے کچھ نہ ہوا۔ یوں ہی ایک بے بنیاد خوف اس کے دل میں بیٹھا ہوا تھا۔



Please visit for more Data at: www.pakcity.org
pakcity.org

گروپ : دوسرا | گیارھویں کلاس 1st Annual 2024 | کل نمبر = 20

## حصہ معروضی

ہدایات: ہر جز کے چار ممکنہ جوابات A, B, C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر جز کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

11th Class Urdu Objective Paper Group 2 DG Khan Board 2024

سوال نمبر 1۔

1- کی طرح، مانند، جیسا، گویا وغیرہ سے مراد ہے
(A) ارکان تشبیہ (B) طرفین تشبیہ (C) حرف تشبیہ (D) وجہ جامع

2- شعر میں تاریخی واقعہ کی طرف مختصر اشارا کرنے کو کہتے ہیں
(A) تشبیہ (B) استعارہ (C) تلمیح (D) مجاز مرسل

3- جس شخص یا شے کو تشبیہ دی جائے، اسے کہتے ہیں
(A) مشبہ (B) مشبہ بہ (C) وجہ شبہ (D) غرض تشبیہ

4- پچاس روپے ــــــ دہی لاؤ
(A) کی (B) کے (C) کا (D) کیں

5- میں نے صبح سویرے اخبار ــــــ
(A) خریدی (B) خریدیں (C) خریدا (D) پڑھی

6- اس دکاندار ــــــ بائیسکل ٹھیک ہے
(A) کا (B) کے (C) کی (D) کیں

7- آج کل پیاز بہت ــــــ
(A) مہنگا ہے (B) مہنگی ہے (C) سستا ہے (D) مہنگے ہیں

8- رابعہ نے صحن میں جھاڑو ــــــ
(A) لگایا (B) دیا (C) پھیرا (D) پھیری

9- سلطانِ عرب کا حال پڑھو، اگر
(A) بادشاہ ہو (B) رعایا ہو (C) غریب ہو (D) دولت مند ہو

10- بابوجی کو دوسرے دن سویرے ہی جانا پڑ گیا
(A) سرگودھا (B) گوجرانوالہ (C) شیخوپورے (D) راولپنڈی

11- سبق " چراغ کی لو " کے مطابق گلی کے نکڑ والے دو منزلہ گھر میں تمام رات روشنی ہوتی رہتی ہے
(A) بلب کی (B) بڑی بڑی لالٹینوں کی (C) چراغ کی (D) بڑی بڑی شمعوں کی

12- پطرس کے بقول دروازے کے اوپر اشتہار ہے
(A) تازہ مکھن کا (B) حافظہ کی گولیوں کا (C) سرکس کا (D) بوٹ پالش کا

13- ابن انشاء کے بقول لڑکا تیل لینے کے لیے، لے کر گیا
(A) کٹورا (B) شیشی (C) بوتل (D) بالٹی

14- ہم وزن اور ہم آواز الفاظ کہلاتے ہیں
(A) مطلع (B) قافیہ (C) مقطع (D) ردیف

15- قافیہ کی جمع کہلاتی ہے
(A) اوقاف (B) وقوف (C) قفا (D) قوافی

16- بار بار دہرائے جانے والے الفاظ کہلاتے ہیں
(A) قافیہ (B) ردیف (C) مطلع (D) مقطع

17- غزل کے دوسرے شعر کے دونوں مصرعے بھی ہم قافیہ ہوں تو وہ کہلائے گا
(A) مطلع (B) مقطع (C) مطلع ثانی (D) مطلع ثالث

18- آخری شعر کے علاوہ مقطع کی شرط ہے
(A) دونوں مصرعے ہم قافیہ (B) ردیف کا پایا جانا (C) ہم آواز الفاظ (D) شاعر کا تخلص

19- ارکان استعارہ کی تعداد ہے
(A) تین (B) چار (C) پانچ (D) تعداد مقرر نہیں

20- " میرے چاند چپ ہو جا " وجہ جامع کی نشاندہی کیجئے
(A) چاند (B) بیٹا (C) خوبصورتی (D) آنسو

pakcity.org


Please visit for more Data at: www.pakcity.org

| | | | |
|---|---|---|---|
| اُردو لازمی | گیارھویں کلاس 1st Annual 2024 | | وقت : 2 گھنٹے 40 منٹ |
| گروپ : دوسرا | | | کل نمبر : 80 |

حصہ انشائیہ

| | | |
|---|---|---|
| سوال نمبر۔2 | (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ | 1+1+8=10 |
| | ہلالی خنجر قومی عطیہ ہے شہیدوں کا<br>جو خود قربان ہو کر، بھر گئے دامن نویدوں کا<br>حسینؓ ابن علیؓ کے اسوہ مردانہ کا پرچم<br>برائے شمعِ ملت، سوزشِ پروانہ کا پرچم | |
| | (ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ | 1+3+3+3=10 |
| | تا بہ کجا ہوں دراز، سلسلہ ہائے فریب ضبط کی لوگوں میں تاب، دیکھیے کب تک رہے<br>پردۂ اصلاح میں، کوششِ تخریب کا خلقِ خدا پر عذاب، دیکھیے کب تک رہے<br>حسرتِ آزاد پر، جورِ غلامانِ وقت<br>از رہِ بغض و عتاب، دیکھیے کب تک رہے | |
| سوال نمبر۔3 | سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجئے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ | 1+1+3+10=15 |
| | (الف) یہ شخص اپنے فرائض کے سوا جن کو وہ اپنے اوپر لازم سمجھتا تھا، درحقیقت کسی چیز سے تعلق نہ رکھتا تھا۔ باوجود وہ قطعی مایوسی کے جو اس کو مسلمانوں کی طرف سے تھی اور جس کو وہ اکثر پرائیویٹ صحبتوں میں نہایت افسوس کے ساتھ ظاہر کرتا تھا اس کی کوششیں اخیر دم تک برابر جاری رہیں۔ یہ اسی کی ہمت اور اسی کا حوصلہ تھا جو اس کی ذات پر ختم ہوگیا۔ | |
| | (ب) رشک آتا ہے کہ دنیا میں ایسے بھی لوگ ہیں کہ کبھی قید مقام سے نہیں گزرتے۔ گوجرانوالہ تک گئے بھی تو دوسرے روز گھر لوٹ آئے۔ ہم سے پوچھیے جو مزہ اور تھرل ململ کا کرتا پہنن، قوام والا پان کلے میں دبا، ٹانگ پر ٹانگ دھرے گھر میں " داستان امیر حمزہ " پڑھنے اور لمبی تان کر سونے میں ہے وہ جگہ جگہ مارے مارے پھرنے میں کہاں۔ قیام کی راحتیں اور برکتیں کہاں تک بیان کی جائیں۔ | |
| سوال نمبر۔4 | درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجئے اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔<br>(الف) سفارش (ب) لاہور کا جغرافیہ | 9+1=10 |
| سوال نمبر۔5 | علامہ محمد اقبالؒ کی نظم " پیغام " کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ | 5 |
| سوال نمبر۔6 | دو لڑکوں کے درمیان فیشن پرستی کے موضوع پر ہونے والی گفتگو کو مکالماتی انداز میں تحریر کیجئے۔<br>**یا**<br>کالج کے سالانہ کھیلوں کی اختتامی تقریب کی رُوداد تحریر کیجئے۔ | 10 |
| سوال نمبر۔7 | گم شدہ موٹر سائیکل کی ایف۔آئی۔آر (رپورٹ) درج کروانے کیلئے ایس۔ایچ۔او (تھانیدار) کے نام درخواست لکھیے۔ | 10 |
| سوال نمبر۔8 | درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجئے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجئے۔ | 2+8=10 |
| | " میر تقی میرؔ کے والد میر متقی تو حال مست صوفی تھے۔ اور میرؔ کا بچپن انھیں کے زیر سایہ گزرا۔ میر متقی کے انتقال کے بعد ان کے دوست میر امان اللہ جن کو میرؔ چچا کہتے تھے۔ میرؔ کے روحانی سرپرست ہوگئے۔ مختصر یہ کہ میرؔ کی تربیت انتہائی صوفیانہ ماحول میں ہوئی۔ اور اُن کی زندگی کے ابتدائی سال قلندروں اور درویشوں کی صحبت میں گزرے۔ یہ تو نہیں کہا جاسکتا۔ کہ اس صحبت کے نتیجہ میں میرؔ خود بھی صوفی ہوگئے تھے، رہے تو وہ شاعر ہی مگر ان کے شعری مزاج کی تشکیل میں تصوف کا بہت دخل رہا۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی شاعری میں دنیا کی بے ثباتی، فکرِ آخرت اور دیگر صوفیانہ تصورات کا عکس واضح طور پر نظر آتا ہے۔" | |


Please visit for more Data at: www.pakcity.org
pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

DG Khan Board-2023

PAPER CODE - 6027

گیارہویں کلاس 1st Annual 2023

اردو لازمی ' گروپ : پہلا　　حصہ معروضی　　وقت = 20 منٹ　　کل نمبر = 20

ہدایات : ہر جز کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر جز کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زائد دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

pakcity.org

سوال نمبر۔1

| | |
|---|---|
| 1 | لپکتے ہیں نفرت کے شعلے زبان سے۔ دھواں اٹھ رہا ہے ہمارے بیاں سے۔ اس میں ردیف ہے۔ (A) شعلے (B) بیاں (C) سے (D) نفرت |
| 2 | لفظ قافیہ کس سے مشتق ہے؟ (A) قُفا (B) کاذب (C) قضا (D) قفا |
| 3 | شعر میں غنائیت اور موسیقیت پیدا کرتا ہے۔ (A) مطلع (B) مقطع (C) ردیف (D) قافیہ |
| 4 | ہاتھی اپنے مہاوت ــــــــــ آنکس پہچانتا ہے۔ (A) کی (B) کا (C) کے (D) کیں |
| 5 | مرغ بانگ نہ دے تو پو نہیں ــــــــ (A) پھٹتی (B) پھٹتے (C) پھٹتا (D) پھٹتیں |
| 6 | لیکے کے گھر میں پٹس پڑ ــــــــ (A) گئیں (B) گیا (C) گئی (D) گئے |
| 7 | لیکے نے آج شیو بھی نہیں ــــــــ (A) بنوائیں (B) بنوائے (C) بنوائی (D) بنوایا |
| 8 | مومن وہ ہے جس ــــــــ خلوت پاک ہو۔ (A) کا (B) کی (C) کے (D) کیں |
| 9 | مرزبوم سے کیا مراد ہے؟ (A) جائے وفات (B) جائے پیدائش (C) جائے دفن (D) جائے نماز |
| 10 | خطوط غالب کے مرتب کا کیا نام ہے ؟ (A) شبلی نعمانی (B) سید سلیمان ندوی (C) مولانا غلام رسول (D) مظفر حسین برنی |
| 11 | تلمذ کسے کہتے ہیں ؟ (A) ٹکسالی (B) پامالی (C) خوش حالی (D) شاگردی |
| 12 | فتح دہلی کے بعد کرنل برن کے لیے شہر کو کون سا عہدہ مقرر ہوا تھا ؟ (A) منتظم اعلیٰ (B) چیئرمین (C) فوجی گورنر (D) کونسلر |
| 13 | نصاب میں شامل علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ کے دوسرے خط میں کس تلمیح کا ذکر ملتا ہے ؟ (A) عمرِ خضر (B) کشتی نوح (C) الفقر فخری (D) آتش نمرود |
| 14 | " پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے " اس مصرع میں " کی سی " ہے۔ (A) مشبہ (B) مشبہ بہ (C) ردیف (D) ادات تشبیہ |
| 15 | "گریار کی مرضی ہوئی سر جوڑ کے بیٹھے " اس مصرع میں "یار " ہے۔ (A) وجہ جامع (B) مستعار لہ (C) مستعار منہ (D) طرفین استعارہ |
| 16 | مشترک خوبی جو مشبہ اور مشبہ بہ میں موجود ہو اسے کہتے ہیں۔ (A) وجہ جامع (B) وجہ شبہ (C) غرض تشبیہ (D) حروف تشبیہ |
| 17 | استعارہ کا انحصار ہوتا ہے۔ (A) مجاز پر (B) حقیقت پر (C) لغوی معنوں پر (D) حقیقت مجاز دونوں پر |
| 18 | چل رہی ہے حرف کُن سے اب تلک۔ اک کہانی اتنے کرداروں کے بیچ ۔ اس میں حرف کُن ہے۔ (A) استعارہ (B) تشبیہ (C) تلمیح (D) قافیہ |
| 19 | اگر غزل کے آخری شعر میں تخلص نہ ہو تو وہ شعر نہیں ہوتا۔ (A) مقطع (B) مطلع (C) آخری شعر (D) مقفّیٰ |
| 20 | غزل یا قصیدہ کی پہلی بیت جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں تو اسے کہتے ہیں۔ (A) پہلا شعر (B) مطلع (C) مقطع (D) قافیہ |

www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# DG Khan Board-2023

## 1st Annual 2023 گیارہویں کلاس

اردو لازمی ' گروپ : پہلا　　حصہ انشائیہ　　وقت = 2 گھنٹے 40 منٹ ، کل نمبر= 80

pakcity.org

سوال نمبر2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیئے۔ 1+1+8=10

دوسرا کون ہے جہاں تُو ہے　　کون جانے تُجھے، کہاں تُو ہے
لاکھ پردوں میں ہے تُو بے پردہ　　سو نشانوں پہ، بے نشاں تُو ہے

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی لکھیئے۔ 1+3+3+3=10

کن نے اپنی مصیبتیں نہ گنیں　　رکھتے میرے غم بھی، شمار اے کاش!
جان آخر تو جانے والی تھی　　اس پہ کی ہوتی، مَیں نثار اے کاش!
اس میں راہِ سخن نکلتی تھی　　شعر ہوتا ترا شعار، اے کاش!

سوال نمبر3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجئے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیئے۔ 1+1+3+10=15

(الف) راست بازی اور وہ تمام اوصاف جو ایک راست باز آدمی میں ہونے ضروری ہیں' جیسے صدق مودت، حمیت، دلیری اور آزادی وغیرہ اس شخص کی خصوصیات میں سے تھے۔ اس شخص نے اگر سچ پوچھیے تو اپنی آزاد تحریروں سے اردو لٹریچر میں آزادی اور سچائی کی بنیاد ڈال دی۔ اس نے لوگوں کو مجبور کیا کہ سچ بات کہنے میں کسی کی طعن و ملامت سے نہ ڈریں۔ جو بات اس کو حق معلوم ہوئی، اس کے کہنے میں کبھی اس بات کا خیال نہیں کیا کہ دنیا میں کوئی دوسرا شخص بھی اس بات میں اس کے ساتھ اتفاق کرنے والا ہے یا نہیں۔

(ب) ہر چیز مہنگائی کی انتہا کو پہنچ چکی تھی لیکن دکان کا پرانا منشی اتنا ہی سستا تھا جتنا بیس سال پہلے اس کی آنکھوں کے سامنے لڑائی شروع ہونے سے قبل جو چیزیں دو پیسے کو لے کر دکان میں بھری گئی تھیں وہ لڑائی شروع ہوتے ہی مہنگی ہوتی گئیں یہاں تک کہ دو پیسے کی چیز نے آٹھ دس گنا نفع دیا' گویا چیزیں جیسے جیسے پرانی ہوتی گئیں ویسے ویسے قیمتی بھی لیکن اس پرانے منشی کے دس روپے کی قیمت بازار میں گھٹتی ہی چلی گئی۔

www.pakcity.org

سوال نمبر4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجئے اور مصنف کا نام بھی لکھیئے۔ 1+9=10

(الف) سرسید کے اخلاق وخصائل　　(ب) دوستی کا پھل

pakcity.org

سوال نمبر5۔ حفیظ جالندھری کی نظم "ہلالِ استقلال" کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ 5

سوال نمبر6۔ سوشل میڈیا کے بے جا استعمال سے معاشرے پر پڑنے والے بُرے اثرات کے موضوع پر دو دوستوں کے درمیان مکالمہ تحریر کیجئے۔ 10

یا

سالانہ تقریبِ تقسیم انعامات کی روداد تحریر کیجئے۔

سوال نمبر7۔ نئی کار فروخت کی رسید تحریر کیجئے۔ 10

سوال نمبر8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجئے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجئے۔ 2+8=10

پچھلے کچھ سالوں سے دنیا بہت تیزی سے تبدیل ہوتی نظر آرہی ہے۔ انٹرنیٹ اور موبائل فون کی وجہ سے زندگی کی قدریں بدل چکی ہیں۔ ان جدید آلات کی بدولت کام اگرچہ تیزی سے ہونے لگا ہے تاہم زندگی میں اضطرابی کیفیت پیدا کرنے میں ان آلات کا کلیدی کردار ہے۔ ایک طرف تو دنوں کا کام گھنٹوں میں ممکن ہوا ہے لیکن دوسری طرف ان آلات کو ہی وقت کے ضیاع کا باعث بھی گردانتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ ہر چیز کے مثبت اور منفی دونوں پہلو ہوتے ہیں۔ فوائد نقصانات، اس چیز کے استعمال پر منحصر ہے۔ جہاں ڈیجیٹل کتب خانوں تک رسائی، اگرچہ لمحوں میں ہو سکتی ہے، وہاں یہ المیہ بھی ہے کہ کتب بینی کے ذوق وشوق دم توڑ رہا ہے۔ زیادہ مواد تک آسان رسائی نے تحقیق کے معیار کو متاثر کیا ہے۔ کہیں نہ کہیں عدم توازن موجود ہے، ہمیں اس عدم توازن کی وجوہات کا سراغ لگانا ہوگا۔



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

DG Khan Board-2023

PAPER CODE 6022

pakcity.org

1st Annual 2023 گیارہویں کلاس

اردو لازمی ، گروپ : دوسرا حصہ معروضی وقت = 20 منٹ کل نمبر = 20

ہدایات : ہر جزو کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر جزو کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زائد دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر۔1

| | |
|---|---|
| 1 | اہل سیف سے کیا مراد ہے؟ (A) اہل تلوار (B) اہل خانہ (C) اہل علم (D) اہل ایمان |
| 2 | "ادیب کی عزت" کا مرکزی کردار کون سا ہے؟ (A) حافظ صمد (B) قمر صاحب (C) سکینہ (D) راجا صاحب |
| 3 | مقامع الاسنان کس کا آلہ ہے؟ (A) آنکھ ٹھیک کرنے والا (B) دانت صاف کرنے والا (C) دانت نکالنے والا (D) منہ صاف کرنے والا |
| 4 | "قصر زہرا" کا ذکر کس سبق میں ملتا ہے؟ (A) کیا واقعی دنیا گول ہے (B) لاہور کا جغرافیہ (C) اپنی مدد آپ (D) ابوالقاسم زہراوی |
| 5 | مُعمر کسے کہتے ہیں؟ (A) سڑیل (B) مریل (C) اڑیل (D) کڑیل |
| 6 | توڑ دینا نہ کہیں سنگ جفا سے اس کو۔ دل ہے نازک سا مرا جیسے ہو شیشہ پیارے۔ اس شعر میں مشبہ بہ ہے۔<br>(A) دل (B) شیشہ (C) نازک (D) سنگ |
| 7 | ـــــ میں تشبیہ دینے کی بجائے بعینہ وہی چیز فرض کر لی جاتی ہے۔ (A) تلمیح (B) تشبیہ (C) استعارہ (D) تشبیہ و استعارہ |
| 8 | حروف تشبیہ کا دوسرا نام ہے۔ (A) ادات تشبیہ (B) خیالات تشبیہ (C) جذبات تشبیہ (D) احکامات تشبیہ |
| 9 | "پلکوں پر مچل رہے ہیں انجم" اس مصرعے میں مستعار لہ ہے۔ (A) چمک (B) آنسو (C) انجم (D) پلکوں |
| 10 | اے مرے دور کی زلیخا سن۔ یوسف متقی نہیں ہوں میں۔ اس شعر میں موجود ہے۔ (A) تلمیح (B) استعارہ (C) تشبیہ (D) صنعت تکرار |
| 11 | ختم ہونے کی جگہ کو کہتے ہیں۔ (A) ثانیہ (B) ردیف (C) مطلع (D) مقطع |
| 12 | اس طرح لگتا ہے وہ یاروں کے بیچ۔ چاند جیسے ان گنت تاروں کے بیچ۔ اس میں ردیف ہے۔<br>(A) چاند (B) ان گنت (C) کے بیچ (D) یاروں |
| 13 | ہم آواز مگر بدل بدل کر آنے والے الفاظ کہلاتے ہیں۔ (A) ردیف (B) قافیہ (C) مطلع (D) مقطع |
| 14 | میں زخموں کی زبان ہونے لگا ہوں۔ سو ظالم پر گراں ہونے لگا ہوں۔ اس میں قوافی ہیں۔<br>(A) زباں، گراں (B) ہونے لگا ہوں (C) زخموں (D) ظالم |
| 15 | قواعد کی رو سے مطلع ہے۔ (A) اسم معرفہ (B) اسم صوت (C) اسم زماں (D) اسم ظرف مکاں |
| 16 | وہ میدان جنگ میں ـــــ دھج سے اترا۔ (A) بڑا (B) بڑی (C) بڑے (D) بڑیں |
| 17 | ناوک صحیح نشانے پر ـــــ (A) لگو (B) لگی (C) لگا (D) لگیں |
| 18 | اس ـــــ جبیں پر زخم ہے۔ (A) کیں (B) کے (C) کا (D) کی |
| 19 | عاشق کے لیے بزم عدو جان لیوا ـــــ ہے۔ (A) ہوتا (B) ہوتی (C) ہوتے (D) ہوتیں |
| 20 | سچ بولنا علی سالار ـــــ سرشت میں شامل ہے۔ (A) کی (B) کے (C) کا (D) کو |



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# DG Khan Board-2023

گیارہویں کلاس 1st Annual 2023

اردو لازمی | حصہ انشائیہ | وقت = 2 گھنٹے 40 منٹ

گروپ : دوسرا | کل نمبر= 80

pakcity.org

سوال نمبر2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھئیے۔ 1+1+8=10

تجھے آباسے اپنے، کوئی نسبت ہو نہیں سکتی — کہ تو گفتار ، وہ کردار ، تو ثابت، وہ سیارا

گنوادی ہم نے' جو اسلاف سے میراث پائی تھی — ثریا سے زمین پر آسماں نے ہم کو دے مارا

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی لکھئیے۔ 1+3+3+3=10

عدم کے کوچ کی لازم ہے فکر ، ہستی میں — نہ کوئی شہر ، نہ کوئی دیار ، راہ میں ہے

نہ بدرقہ ہے ، نہ کوئی رفیق ساتھ اپنے — فقط عنایت پروردگار ، راہ میں ہے

سفر ہے شرط ، مسافر نواز بہتیرے — ہزار ہا شجر سایہ دار ، راہ میں ہے

سوال نمبر3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجئے ۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھئیے۔ 1+1+3+10=15

(الف) راست بازی اور وہ تمام اوصاف جو ایک راست باز آدمی میں ہونے ضروری ہیں جیسے صدق مؤدت ، حمیت، دلیری اور آزادی وغیرہ اس شخص کی خصوصیات میں سے تھے۔ اس شخص نے اگر سچ پوچھیے تو اپنی آزاد تحریروں سے اردو لٹریچر میں آزادی اور سچائی کی بنیاد ڈال دی۔ اس نے لوگوں کو مجبور کیا کہ سچ بات کہنے میں کسی کی طعن و ملامت سے نہ ڈریں۔

(ب) گھر کی سنسان تاریکی میں دیا سلائی کے رگڑنے کی آواز گونجی اور سیاہ طاق میں رکھے ہوئے چراغ پر مدھم سی لو چمکنے لگی۔۔۔۔ بوسیدہ دالان کے ستون کا سایہ چھوٹے سے آنگن سے گزر کر سامنے کی دیوار تک چڑھ گیا تو اچھن نے دیا سلائی کی ڈبیا مٹھی میں دبا کر اپنا سر طاق کے برابر ٹیک دیا اور پتلیاں پھرا کر چراغ کی ٹمٹاتی ہوئی لو کو دیکھنے لگی۔

سوال نمبر4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجئے اور مصنف کا نام بھی لکھئیے۔ 1+9=10

(الف) اسوہ حسنہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم (ب) لاہور کا جغرافیہ

سوال نمبر5۔ حفیظ جالندھری کی نظم " ہلالِ استقلال " کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ 5

سوال نمبر6۔ باپ اور بیٹے کے درمیان کالج میں داخلہ کے وقت " انتخاب مضمون " کے حوالے سے مکالمہ تحریر کیجئے۔ 10

یا

کالج میں سال دوم کی الوداعی تقریب کی روداد تحریر کیجئے۔

سوال نمبر7۔ کمپیوٹر فروخت کی رسید تحریر کیجئے۔ 10

سوال نمبر8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجئے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجئے۔ 2+8=10

غریب عوام کے لیے روٹی کا حصول بھی مشکل ترین ہو گیا ہے۔ امیر طبقے پر اس کا اثر جتنا کم ہوتا ہے، غریب اتنا ہی مہنگائی کے بوجھ تلے دبتا چلا جا رہا ہے۔ غریب عوام کی ساری تگ و دو صرف اور صرف بنیادی ضروریات کے حاصل کرنے کے لیے رہ گئی ہے۔ یہ تگ و دو کم ہوگی تو وہ ملک کے دیگر سماجی اور معاشرتی معاملات کو سنجیدگی سے لیں گے اور ان کا حصہ بنیں گے۔ جرائم میں اضافے کا سبب بڑھتی ہوئی مہنگائی اور بے روزگاری ہے۔ عوام نہ تو مہنگائی کا مقابلہ کر سکتے ہیں اور نہ ہی اپنا معیار زندگی بہتر بنا سکتے ہیں۔



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# DG Khan Board-2022

**PAPER CODE - 6021**

گیارہویں کلاس 12022

اُردو لازمی ، گروپ : پہلا — حصہ معروضی — وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

pakcity.org

سوال نمبر 1

1۔ قوم کن حالتوں کا مجموعہ ہوتی ہے ؟ (A) جسمانی (B) شخصی (C) ذہنی (D) روحانی

2۔ سبق ابوالقاسم زاہراوی کے مصنف کا کیا نام ہے ؟ (A) حمید عسکری (B) شفیع عقیل (C) احمد ندیم قاسمی (D) غلام عباس

3۔ افسانہ چراغ کی لو میں ہمارے کس معاشرتی رویے پر تنقید کی گئی ہے (A) غربت پر (B) مایوسی پر (C) طبقاتی تقسیم پر (D) بزدلی پر

4۔ مصنف کے نزدیک لاہور کی سب سے بڑی حرفت کون سی ہے ؟ (A) جلد سازی (B) رسالہ سازی (C) کتاب سازی (D) انجمن سازی

5۔ کوٹ لکھپت کے ہسپتال جانے میں ٹیکے کے کتنے روپے خرچ ہوئے ؟ (A) دو روپے (B) چھ روپے (C) پانچ روپے (D) چار روپے

6۔ مشبہ کسے کہتے ہیں ؟ (A) جس سے تشبیہ دی جائے (B) جس چیز کو تشبیہ دی جائے (C) جس کے ذریعے تشبیہ دی جائے (D) جس وجہ سے تشبیہ دی جائے

7۔ تلمیح کس زبان کا لفظ ہے (A) اردو (B) ہندی (C) فارسی (D) عربی

8۔ جس چیز یا شخص کے لیے ادھار لیا جائے اسے کہتے ہیں (A) وجہ جامع (B) مستعار لہ (C) مستعار منہ (D) طرفین استعارہ

9۔ " پلکوں پر چل رہے ہیں انجم " میں انجم کیا ہے ؟ (A) مستعار منہ (B) مستعار لہ (C) تشبیہ (D) مشبہ بہ

10۔ جس مقصد کے لیے تشبیہ دی جائے اسے ............ کہتے ہیں (A) حروف تشبیہ (B) طرفین تشبیہ (C) غرض تشبیہ (D) وجہ جامع

11۔ حسن مطلع آتا ہے (A) اصل مطلع سے پہلے (B) غزل کے درمیان میں (C) اصل مطلع کے بعد (D) غزل کے آخر میں

12۔ مقطع کی پہچان ہے (A) پہلا شعر (B) آخری شعر (C) تخلص اور آخری شعر (D) قافیہ اور ردیف

13۔ ردیف کے الفاظ کس طرح آتے ہیں ؟ (A) بغیر تبدیلی کے (B) بدل بدل کر (C) قافیہ سے پہلے (D) ان میں سے کوئی نہیں

14۔ غزل کے اشعار میں قافیے کا استعمال............ (A) غیر ضروری ہے (B) لازمی ہے (C) کوئی پابندی نہیں (D) کبھی کبھی ہو

15۔ اگر غزل کا تیسرا شعر بھی ہم قافیہ اور ہم ردیف ہو تو اسے کہتے ہیں (A) مطلع (B) مطلع ثانی (C) حسن مطلع (D) مطلع ثالث

16۔ بیدادہ کہاں ختم ہو ............ (A) گا (B) گے (C) گئے (D) گی

17۔ کسی نے گودام سے کروڑوں روپے ............ (A) کا تار چوری کر لیا (B) کی تار بیچ دی (C) کی تار نکال لی (D) کی تار چرالی

18۔ زادراہ ختم ہو ............ (A) گئی (B) گیا (C) گئے (D) چکی

19۔ اسلم نے عربی لغت ............ (A) خریدی (B) خریدا (C) خریدیں (D) خریدے

20۔ گھر عورت کی سلطنت............ ہے (A) ہوتا (B) ہوتی (C) ہوتے (D) ہوتیں



Please visit for more data at: www.pakcity.org
www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

DG Khan Board-2022

گیارہویں کلاس 12022

# اُردو لازمی

گروپ : پہلا

## حصہ انشائیہ

pakcity.org

وقت = 2 گھنٹے 40 منٹ

کل نمبر = 80

سوال نمبر ۲۔(الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۱+۸

لاکھ پردوں میں تو ہے بے پردہ — سو نشانوں پہ ، بے نشان تو ہے

تو ہے خلوت میں ' تو ہے جلوت میں — کہیں پنہاں ' کہیں عیاں تو ہے

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۳+۳+۳

ڈرتا ہوں دیکھ کر دل بے آرزو کو میں — سنسان گھر پہ کیوں نہ ہو' مہمان تو گیا

اٹھائے راز عشق میں گو ذلتیں ہوئیں — لیکن اسے جتا تو دیا جان تو گیا

گو نامہ بر سے خوش نہ ہوا پر ہزار شکر — مجھ کو وہ میرے نام سے ' پہچان تو گیا

سوال نمبر۳۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۵ = ۱+۱+۳+۱۰

(الف) خدا کی محبت کا اہل اور اس کے پیار کا مستحق بننے کے لیے ہر مذہب نے ایک ہی تدبیر بتائی ہے اور وہ یہ ہے کہ اس مذہب کے شارح اور طریقے کے بانی نے جو نصیحتیں کی ہیں ' ان پر عمل کیا جائے۔ لیکن اسلام نے اس سے بہتر تدبیر اختیار کی ہے۔ اس نے اپنے پیغمبرؐ کا عملی مجسمہ سب کے سامنے رکھ دیا ہے اور عملی مجسمے کی پیروی اور اتباع کو خدا کی محبت کا اہل اور اس کے پیار کا مستحق بننے کا ذریعہ بتایا ہے چنانچہ اسلام میں دو چیزیں ہیں ' کتاب اور سنت۔

(ب) وہ ہمیشہ جب کام سے خالی ہوتے تھے ہنسی دل لگی اور دوستوں کی صحبت سے اپنے دل کو خوش کرتے تھے۔ بچوں سے ' بوڑھوں سے ' جوانوں سے ' دوستوں سے ' ملازموں سے ' ہنسی اور چہل کیے بغیر نہ رہ سکتے تھے۔ یہی زندہ دلی تھی جو ان سے سخت محنت کراتی تھی اور تکان اور ماندگی اور ملال و کلال کو کبھی پاس نہ آنے دیتی تھی۔ بعض اوقات ان کے ماتحت یا ملازم جن سے بے تکلفی تھی ان کو ایسا جواب دیتے تھے جس سے انہیں شرمندہ ہونا چاہیے تھا مگر وہ کبھی برا نہ مانتے تھے بلکہ خوب قہقہہ لگاتے تھے اور خوش ہوتے تھے۔

سوال نمبر۴۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۹

(الف) سفارش (ب) کیا واقعی دنیا گول ہے ؟

سوال نمبر۵۔ دلاور فگار کی نظم " لوکل بس " کا خلاصہ تحریر کیجیے ۵

سوال نمبر۶ استاد اور شاگرد کے درمیان موبائل کے استعمال کی کثرت کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے ۱۰

یا

کالج میں منعقدہ تقریب تقسیم انعامات کی روداد تحریر کیجیے

سوال نمبر۷۔ پرنسپل کے نام تاریخی مقامات کی سیر کی اجازت کی درخواست تحریر کیجیے ۱۰

سوال نمبر۸۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے ۱۰ = ۲+۸

لوگ وقت کی قدر و قیمت نہیں پہچانتے۔ انہیں یہ پتا نہیں ہے کہ انسان کے ہاتھ میں اصل دولت وقت ہی ہے۔ جس نے وقت کو ضائع کر دیا اس نے سب کچھ ضائع کر دیا۔ قدرت نے انسان کے ہر لمحہ زندگی کے ساتھ ایک اہم فرض باندھ رکھا ہے جس کی ادائیگی ہی میں اس کی زندگی کی ساری عظمتیں پوشیدہ ہیں۔ اگر وہ اپنی زندگی کے کسی لمحہ میں بھی فرض کو پہچاننے یا ادا کرنے میں کوتاہی کر جائے جو اس لمحے کے ساتھ مخصوص ہے تو پھر اس فرض کا وقت زندگی میں کبھی نہیں آتا کیونکہ اس کے بعد اس کی زندگی میں جو لمحات بھی میسر ہوتے ہیں وہ اپنے

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# DG Khan Board-2022

**PAPER CODE - 6022**

**گیارہویں کلاس 12022**

اُردو لازمی ، گروپ : دوسرا

**حصہ معروضی**

وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

pakcity.org

**سوال نمبر 1**

1۔ سرسید کے خیال میں اصلی غلام کون ہے ؟ (A) جو بے حد حسین ہو (B) جو کسی کا غلام ہو (C) جو بد اخلاق اور خود غرض ہو (D) کسی بادشاہ کا غلام ہو

2۔ ابوالقاسم زاہراوی کون تھا ؟ (A) ماہر تعمیرات (B) سائنس دان (C) ماہر تعلیم (D) ماہر قانون

3۔ نوجوان نے کس رنگ کا اوور کوٹ پہنا ہوا تھا ؟ (A) کالا (B) براؤن (C) بادامی (D) سفید

4۔ انجمن کے لہجے میں کس بات کی آرزو اور خوشامد تھی (A) چراغ کی لو بڑھانے کی (B) کالج میں پڑھنے کی (C) لباس کی (D) زیورات

5۔ کبوتر کو کس بات کی علامت سمجھا جاتا ہے ؟ (A) خوشی کی (B) خطرے کی (C) فتح کی (D) امن کی

6۔ ارکان تشبیہ کتنے ہیں ؟ (A) تین (B) چار (C) پانچ (D) چھ

7۔ تلمیح کے لغوی معنی ہیں (A) طلوع ہونا (B) اشارہ کرنا (C) قریب لانا (D) فریب دینا

8۔ ادات تشبیہ کہتے ہیں (A) حروف تشبیہ (B) مشبہ (C) مشبہ بہ (D) طرفین تشبیہ

9۔ " اس کنویں کا پانی شہد کی طرح میٹھا ہے " اس میں ہے (A) تشبیہ (B) استعارہ (C) تلمیح (D) کچھ بھی نہیں

10۔ استعارہ کے لغوی معنی ہیں (A) ادھار لینا (B) ایک جیسا ہونا (C) تعریف کرنا (D) ہم شکل ہونا

11۔ اگر غزل کے پہلے شعر کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں تو وہ کہلائے گا (A) مطلع (B) مقطع (C) غزل کا پہلا شعر (D) ردیف

12۔ مطلع کے دونوں مصرعوں میں لازمی ہوتا ہے (A) ردیف (B) قافیہ (C) تخلص (D) تلمیح

13۔ مقطع کی نشاندہی کیجیے (A) اب تو کچھ اور ہی اعجاز دکھایا جائے (B) اچھا ہے اہل دل کیے جائیں سختیاں (C) تنک میر جگر سوختہ جلد خبر لے (D) ہم بھی جانے والے ہیں سامان تو گیا

14۔ اب تو کچھ اور ہی اعجاز دکھایا جائے ۔ شام کے بعد بھی سورج نہ بجھایا جائے

اس شعر میں قافیہ ہے (A) کچھ اور (B) اعجاز (C) دکھایا ، بجھایا (D) جائے

15۔ ردیف کسے کہتے ہیں ؟ (A) شعر کے پہلے حصے کو (B) غزل کے آخری شعر کو (C) غزل کے پہلے شعر کو (D) قافیہ کے بعد آنے والے ایک جیسے الفاظ کو

16۔ میرے سر میں درد ہو .............. ہے (A) رہی (B) رہا (C) رہے (D) رہو

17۔ " کلیات اقبال " چھپ .............. ہے (A) گیا (B) گئی (C) گئے (D) گئیں

18۔ دس روپے .............. دہی لاؤ (A) کا (B) کے (C) کی (D) کو

19۔ .............. قلم بہت قیمتی ہے (A) میری (B) میرے (C) میرا (D) اپنی

20۔ .............. گھاس دیکھ کر خوشی ہوئی (A) ہرا ہرا (B) ہرا ہری (C) ہری ہری (D) ہری ہرا

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org



اُردو لازمی | حصہ انشائیہ | وقت = 2 گھنٹے 40 منٹ

گروپ : دوسرا | DG Khan Board-2022 | کل نمبر = 80

pakcity.org

سوال نمبر ۲۔(الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۸ + ۱ + ۱ = ۱۰

وہ دشت وہ نسیم کے جھونکے ' وہ سبزہ زار
پھولوں پہ جابجا ' وہ گہرہائے آب دار
اٹھنا وہ جھوم جھوم کے شاخوں کا ' بار بار
بالائے نخل ایک جو بلبل تو گل ' ہزار

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۱+۳+۳+۳ = ۱۰

یہ آرزو تھی ' تجھے گل کے روبرو کرتے
ہم اور بلبل بے تاب ' گفتگو کرتے
پیام بر نہ میسر ہوا تو خوب ہوا
زبانِ غیر سے کیا شرح آرزو کرتے
مری طرح سے مہ و مہر بھی ہیں آوارہ
کسی حبیب کی ' یہ بھی ہیں جستجو کرتے

سوال نمبر ۳۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۰+۳+۱+۱ = ۱۵

(الف) اگر اپنے کاروبار اور دنیاوی جدوجہد کا نظم ونسق درست کرنا چاہتے ہو تو بنی نضیر ' خیبر اور فدک کی زمینوں کے مالک کے کاروبار اور نظم ونسق کو دیکھو۔ اگر سفری کاروبار میں ہو تو بصرہ کے کاروانِ سالار کی مثالیں ڈھونڈو۔ اگر عدالت کے قاضی اور پنچایت کے ثالث ہو تو کعبے میں نورِ آفتاب سے پہلے داخل ہونے والے ثالث کو دیکھو جو حجرِ اسود کو کعبے کے ایک کونے میں نصب کر رہا ہے۔ مدینے کی کچی مسجد کے صحن میں بیٹھنے والے منصف کو دیکھو جس کی نظرِ انصاف میں شاہ و گدا اور امیر و غریب برابر تھے۔

(ب) اگر آپ کا عقیدہ ہے کہ خدا نے مرغی کو محض انسان کے کھانے کے لیے پیدا کیا تو مجھے اس پر کیا اعتراض ہو سکتا ہے۔ صاحب ! مرغی تو درکنار میں تو انڈے کو بھی دنیا کی سب سے بڑی نعمت سمجھتا ہوں۔ تازے خود کھایئے۔ گندے ہو جائیں تو ہوٹلوں اور جلسوں کے لیے دوگنے داموں بیچیے۔

سوال نمبر ۴۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۹+۱ = ۱۰

(الف) اپنی مدد آپ (ب) دوستی کا پھل

سوال نمبر ۵۔ اختر شیرانی کی نظم " برسات " کا خلاصہ تحریر کیجیے ۵

سوال نمبر ۶ دو نوجوانوں کے درمیان " کھیلوں کی اہمیت " کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے ۱۰

یا

محفل مشاعرہ کی روداد تحریر کیجیے

سوال نمبر ۷۔ پرنسپل کے نام مالی امداد کے لیے مدلل درخواست تحریر کیجیے ۱۰

سوال نمبر ۸۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے ۸+۲ = ۱۰

وہ جاہل تھے اور جہالت پر فخر کرتے تھے ' ان کے ماضی کی تاریخ نہ ختم ہونے والی قبائلی جنگوں تک محدود تھی اور ان کے سامنے ان جنگوں کو جاری رکھنے کے سوا کوئی مستقبل نہ تھا۔ ظلم اپنی انتہا کو پہنچ چکا تھا۔ لوگ ظلم سہنے پر مجبور کر دیے جاتے تھے۔ لیکن جب اسلام آیا تو یہی لوگ ایک نئے دور کے مشعل بردار بن گئے۔ کارسازِ فطرت نے اپنی رحمت کی گھٹاؤں کے نزول کے لیے ایک بے آب و گیاہ صحرا منتخب کیا۔ عرب کے ظلمت کدے سے نور کا سیلاب نمودار ہوا اور مختلف اقوام و قبائل کو اپنی آغوش میں لیتا ہوا اطراف عالم پر چھا گیا۔ اسلام تپتے ہوئے صحرا میں ٹھنڈے اور میٹھے پانی کا ایک چشمہ تھا اور خلقِ خدا اسی کی پیاسی تھی۔ دنیا جہالت کی تاریکیوں میں بھٹک رہی تھی اور اسلام ایک نئی صبح کا آفتاب تھا۔



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# DG Khan Board-2019

گیارہویں کلاس 12019

اردو لازمی ، گروپ پہلا

**حصہ معروضی**

وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

pakcity.org

سوال نمبر 1

1- تصریف کا پہلا لاطینی ترجمہ ہوا۔ (A) 1496ء (B) 1497ء (C) 1498ء (D) 1499ء

2- مرزا غالب کس گاڑی میں میرٹھ گئے۔ (A) ڈاک (B) بس (C) کار (D) ریل

3- نوجوان کے اوورکوٹ کا رنگ تھا۔ (A) سرخ (B) کالا (C) بادامی (D) شربتی

4- حکیم اجمل نے علامہ اقبال کو دوا بھیجی۔ (A) لکھنؤ سے (B) میرٹھ سے (C) کلکتہ سے (D) دہلی سے

5- مرغیوں کا صحیح مقام ہے۔ (A) ڈربہ (B) پیٹ (C) گھر (D) پولٹری فارم

6- " ابن مریم " ہوا کرے کوئی۔ (A) تلمیح ہے (B) تشبیہ ہے (C) استعارہ ہے (D) حرف تشبیہ ہے

7- طرح، مانند، مثل جیسے الفاظ ۔ (A) استعارہ (B) کنایہ (C) حرف تشبیہ (D) مشبہ

8- استعارہ کس زبان کا لفظ ہے؟ (A) فارسی (B) عربی (C) اُردو (D) ترکی

9- " موتی جیسے دانت" ہے (A) تشبیہ (B) استعارہ (C) تلمیح (D) مجاز مرسل

10- ارکان استعارہ کی تعداد ہے ؟ (A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

11- جن الفاظ میں صوتی آہنگ پایا جائے۔ (A) مطلع (B) مقطع (C) ردیف (D) قافیہ

12- غزل یا قصیدے کا پہلا شعر کہلاتا ہے (A) قافیہ (B) ردیف (C) مطلع (D) مقطع

13- مقطع کا لغوی مطلب ہے۔ (A) کاٹنا (B) بونا (C) کاشت کرنا (D) سیراب کرنا

14- قافیہ کے فوراً بعد آخر میں۔ (A) مطلع (B) مقطع (C) ردیف (D) قافیہ

15- قافیہ کی جمع ہے۔ (A) فوق (B) کافی (C) قاتہ (D) قوافی

16- .............قلم بہت قیمتی ہے (A) میری (B) میرا (C) میرے (D) اس کی

17- سانپ.......... غار میں گم ہوگیا۔ (A) گہرے (B) گہری (C) گہرا (D) گہرو

18- امجد نے اخبار پڑھ..............ہے۔ (A) لی (B) لو (C) لیا (D) لے

19- ڈاکٹر نے زخم پر مرہم.............. (A) لگائی (B) لگایا (C) لگاؤ (D) لگائے

20- نوید یہ خبر سن کر..........رہ گئی (A) ہکی بکی (B) ہکی بکا (C) ہکابکا (D) ہکا بکی



Please visit for more data at: www.pakcity.org
www.pakcity.org
pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

DG Khan Board-2019

اردو لازمی ، گروپ پہلا

**حصہ انشائیہ**

وقت = 2 گھنٹے 40 منٹ

کل نمبر = 80

pakcity.org

سوال نمبر۲۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۱+۴+۴

ہلالِ خنجر قومی علیہ ہے شہیدوں کا جو خود قربان ہوکر ، بھر گئے دامن نویدوں کا
حسین ابن علیؓ کے اسوہ مردانہ کا پرچم برائے شمع ملت ، سوزشِ پروانہ کا پرچم

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۳+۳+۳

رسمِ جفا کامیاب ، دیکھیے کب تک رہے حُبِ وطن مستِ خواب ، دیکھیے کب تک رہے
دل پہ رہا مدتوں ، غلبہ یاس و ہراس قبضہ خزم و حجاب ، دیکھیے کب تک رہے
تابہ کجا ہوں دراز ، سلسلہ ہائے فریب ضبط کی لوگوں میں تاب ، دیکھیے کب تک رہے

سوال نمبر۳۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۵ = ۱+۱+۳+۱۰

(الف) شام کے وقت حضرت قمر اپنی پھٹی پرانی اچکن ، سڑے ہوئے جوتے اور بے تکی سی ٹوپی پہنے گھر سے نکلے تو گنوار اُچکے سے معلوم ہوتے تھے۔ ڈیل ڈول اور چہرے مہرے کے آدمی ہوتے تو اس ٹھاٹھ میں بھی ایک شان ہوتی۔ فربہی بجائے خود با رعب شے ہے مگر ادبی خدمت اور فربہی میں خدا واسطے کا بیر ہے۔ اگر کوئی ادیب موٹا تازہ ہے تو سمجھ لیجیے کہ اس میں سوز نہیں ، لوچ نہیں ، دل نہیں۔ پھر بھی اکڑے جاتے تھے۔ ایک ایک عضو سے غرور ٹپکتا تھا۔

(ب) کپڑے تو میں نے بدل رکھے تھے البتہ میں اپنے تیور بدلنے کی کوشش کرنے لگا۔ پھر اچانک خیال آیا کہ کتنا چھوٹا آدمی ہوں دو پیسے یا دو روپے یا چلو دو لاکھ کی بھی بات نہیں۔ دو آنکھوں کی بات ہے اور میں جھوٹ بولے جا رہا ہوں۔ مجھے فیکے کے سامنے اعتراف کر لینا چاہیے کہ میں تمھارے لیے کچھ نہیں کر سکا۔ پھر میں ایسے فقرے سوچے جو مجھے فیکے کے سامنے اس انداز سے ادا کرنے تھے کہ اسے سچی بات بھی معلوم ہو جائے اور اسے دکھ بھی نہ ہو۔

سوال نمبر۴۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۹

(الف) چراغ کی لو (ب) سرسید کے اخلاق و خصائل

سوال نمبر۵۔ مولانا ظفر علی خاں کی نظم " مستقبل کی جھلک " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ ۵

سوال نمبر۶۔ ایک کتابی کیڑے اور کھلاڑی کے مابین مکالمہ تحریر کیجیے ۱۰

یا

کالج میں جلسہ سیرت النبی ﷺ کی روداد تحریر کیجیے

سوال نمبر۷۔ نام خارج ہونے کے بعد، پرنسپل کے نام دوبارہ داخلے کے لیے درخواست تحریر کیجیے۔ ۱۰

سوال نمبر۸۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور اس کا مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔ ۱۰ = ۲+۸

واقعات بدر میں مذکور ہے کہ جب حملہ آوران مکہ قید کر لیے گئے تو رات کو نبی کریم ﷺ کو نیند نہ آئی۔ ادھر سے اُدھر حضور کریم ﷺ کروٹیں لیتے تھے۔ کرب و اضطراب نمایاں تھا۔ ایک انصاری نے عرض کی کہ حضور کریم ﷺ کو کچھ تکلیف ہے ، فرمایا نہیں مگر عباس کے کراہنے کی آواز میرے کان میں آ رہی ہے، اس لیے مجھے چین نہیں پڑتا۔ انصاری چپکے سے اُٹھا، اس نے جا کر عباس کی مشک بندی کھول دی ، انھیں آرام مل گیا، تو وہ فوراً سو گئے۔ انصاری پھر حاضرِ خدمت ہو گیا۔ حضور کریم ﷺ نے پوچھا کہ اب عباس کی آواز کیوں نہیں آتی۔ انصاری بولا کہ میں نے ان کے بندھن کھول دیے ہیں۔ فرمایا جاؤ، سب قیدیوں کے ساتھ ایسا ہی برتاؤ کرو۔ جب حضور کریم ﷺ کو اطلاع دی گئی کہ سب قیدی اب آرام سے ہیں تب نبی کریم ﷺ کا اضطراب دور ہوا اور حضور کریم ﷺ خوابِ شیریں سے استراحت گزیں ہوئے۔



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# DG Khan Board-2019

گیارھویں کلاس 12019

اردو لازمی ، گروپ دوسرا **حصہ معروضی** وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

pakcity.org

سوال نمبر 1

1- ایک حکمران کو کس بادشاہ کی شخصیت پیش نظر رکھنی چاہیے۔ (A) شہنشاہ عرب (B) خلیفہ عرب (C) سلطان عرب (D) سردار عرب

2- ولیم ڈراگن کہاں کا رہنے والا تھا؟ (A) آئس لینڈ کا (B) ہالینڈ کا (C) آئرلینڈ کا (D) فن لینڈ کا

3- قبر کو مدعو کیا۔ (A) بادشاہ نے (B) نواب نے (C) دوست نے (D) رئیس نے

4- وسطی ایشیا کے حملہ آور آتے ہیں۔ (A) لاہور سے (B) پشاور سے (C) دلی سے (D) یوپی سے

5- مرغیوں کی نسل میں اضافہ ہوتا ہے۔ (A) دو اور دو چار (B) دو اور دو بیس (C) دو اور دو چالیس (D) دو اور دو پچاس

6- طرفین تشبیہ ہیں۔ (A) وجہ شبہ اور حرف تشبیہ (B) حرف تشبیہ اور غرض تشبیہ (C) مشبہ اور مشبہ بہ (D) مشبہ اور حرف تشبیہ

7- مثل، جیسا، مانند کہلاتے ہیں۔ (A) سادہ حروف (B) حروف تاکید (C) حروف تشبیہ (D) حروف جار

8- استعارہ میں آتا ہے۔ (A) حروف تشبیہ (B) وجہ جامع (C) مشبہ (D) مشبہ بہ

9- بال ریشم کی طرح ملائم ہیں، میں "بال" ہے۔ (A) وجہ شبہ (B) مشبہ بہ (C) مشبہ (D) حروف تشبیہ

10- تلمیح کے لغوی معنی ہیں۔ (A) اشارہ کرنا (B) ادھار لینا (C) طلوع ہونا (D) یاد کرنا

11- غزل کے آخری شعر میں تخلص ہو تو اسے نہیں کہا جائے گا۔ (A) مقطع (B) آخری شعر (C) بیت الغزل (D) بیت

12- مطلع کی نشاندہی کریں۔ (A) اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا (B) تم میرے پاس ہوتے ہو گویا
(C) مرے آشیاں کے تو تھے چار تنکے (D) جو برائی تھی میرے نام سے منسوب ہوئی

13- لفظ قافیہ کی جمع ہے۔ (A) قاف (B) اوقاف (C) قوافی (D) وقوف

14- ردیف کے الفاظ ہوتے ہیں۔ (A) مستقل (B) غیر مستقل (C) تبدیل (D) ترمیم

15- ردیف پوری غزل میں آتی ہے۔ (A) دو بار (B) تین بار (C) چار بار (D) بار بار

16- علاج ہوا لیکن مرض.......... (A) بڑھتا گیا (B) بڑھتی گئی (C) بڑھتی گئیں (D) بڑھتے گئے

17- اس کے منہ سے جھاگ نکل.......... (A) رہی تھی (B) رہے تھے (C) رہا تھا (D) رہتی تھی

18- قائداعظم..........فوٹو کہاں ہے؟ (A) کی (B) کا (C) کو (D) کیں

19- قلم گر کر ٹوٹ.......... (A) گئی (B) گیا (C) گئے (D) گئیں

20- ڈاکٹر نے زخم پر مرہم.......... (A) لگائی (B) لگاؤ (C) لگایا (D) لگائے



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

DG Khan Board-2019

اردو لازمی ، گروپ دوسرا وقت = 2 گھنٹے 40 منٹ

حصہ انشائیہ کل نمبر = 80

pakcity.org

سوال نمبر ۲۔(الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۱+۴+۴

حکومت کا تو کیا رونا ، کہ وہ اک عارضی شے تھی نہیں دنیا کے آئینِ مسلّم سے کوئی چارا
مگر وہ علم کے موتی کتابیں اپنے آبا کی جو دیکھیں اُن کو یورپ میں تو دل ہوتا ہے سیپارا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۳+۳+۳

پھرے راہ سے وہ ، یہاں آتے آتے اجل مر رہی تو ، کہاں آتے آتے
نہ جانا کہ دنیا سے جاتا ہے کوئی بہت دیر کی ، مہرباں آتے آتے
مرے آشیاں کے تو تھے چار تنکے چمن اُڑ گیا ، آندھیاں آتے آتے

سوال نمبر ۳۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۵ = ۱+۱+۳+۱۰

(الف) ظرافت اور خوش طبعی ان کی جبلت میں داخل تھی مگر جس طرح ان کی اور باتوں میں بناوٹ نہ تھی اسی طرح ظرافت اور خوش طبعی میں مطلق تصنع نہ تھا۔ تحریر میں، تقریر میں، بات چیت میں جو لطیفہ یا شوخی ان کو سوجھ جاتی تھی۔ اگرچہ کیسی ہی شرم و حجاب کی بات ہو ان سے ضبط نہ ہو سکتی تھی مگر ہر ایک امر کے بیان کرنے کا خدا نے ایسا سلیقہ دیا تھا کہ کوئی بات تہذیب کی حد سے متجاوز نہ ہونے پاتی تھی۔

(ب) عرض کیا "کچھ بھی ہو۔ میں گھر میں مرغیاں پالنے کا روادار نہیں۔ میرا راسخ عقیدہ ہے کہ ان کا صحیح مقام پیٹ اور پلیٹ ہے اور شاید...... " " اس راسخ عقیدے میں میری طرف سے بجلی کا اور اضافہ کر لیجئے " انہوں نے بات کاٹی۔ پھر عرض کیا " اور شاید یہی وجہ ہے کہ ہمارے ہاں کوئی مرغی عمرِ طبعی کو نہیں پہنچ پاتی۔ آپ نے خود دیکھا ہوگا کہ ہماری ضیافتوں میں میزبان کے اخلاص وایثار کا اندازہ مرغیوں اور مہمانوں کی تعداد اور ان کے تناسب سے لگایا جاتا ہے"

www.pakcity.org

سوال نمبر ۴۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۹

(الف) اپنی مدد آپ (ب) ابوالقاسم زہراوی

سوال نمبر ۵۔ نظیر اکبر آبادی کی نظم " تسلیم و رضا " کا خلاصہ تحریر کیجیے ۵

سوال نمبر ۶۔ دو دوستوں کے درمیان بے روزگاری کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ ۱۰

یا

سیرت النبی ﷺ پر منعقد ہونے والی تقریب کی روداد لکھیے

سوال نمبر ۷۔ پرنسپل صاحب کے نام درخواست تحریر کیجیے جس میں ان سے تاریخی مقام کی سیر کے لیے اجازت کی گزارش کی گئی ہو۔ ۱۰

سوال نمبر ۸۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔ ۱۰ = ۲+۸

نظامِ کائنات پر غور کریں تو ہر چیز میں ایک ترتیب و آہنگ ، سلیقہ اور پابندی موجود ہے۔ سورج وقت پر طلوع اور وقت پر غروب ہوتا ہے۔ موسم وقت پر آتے اور بدلتے ہیں۔ درخت وقت پر پھل دیتے ہیں۔ فصلیں وقت پر اُگتی اور کٹتی ہیں۔ مرغانِ سحر کے چہچہے وقت کے پابند ہیں۔ چاند وقت پر نکلتا اور کرنیں بکھیرتا ہے لیکن افسوس انسان وقت کی قدر کرنا نہیں جانتا۔



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

PAPER CODE - 6021

DG Khan Board-2018

گیارہویں کلاس 12018

اردو لازمی ' گروپ پہلا pakcity.org **حصہ معروضی** وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

سوال نمبر 1

1- سرسید دوستوں کو زندگی کا سمجھتے تھے — (A) عنصر (B) سہارا (C) تحفہ (D) حصہ

2- قرطبہ کی شاہی لائبریری میں کتنی کتابیں تھیں ؟ — (A) ایک لاکھ (B) ایک لاکھ سے زائد (C) دو لاکھ سے زائد (D) تین لاکھ سے زائد

3- انجمن کس کا انتظار کر رہی تھی ؟ — (A) باپ (B) بہن (C) بھائی (D) ماں

4- لڑکا کیا لینے گیا تھا ؟ — (A) پانی (B) دودھ (C) تیل (D) جوس

5- حضرت قمر کی بیوی کا نام کیا تھا ؟ — (A) رضیہ (B) رفیعہ (C) نصیبہ (D) سکینہ

6- کسی ایک چیز کو دوسری کی مانند قرار دینا ' کہلاتا ہے — (A) مشبہ (B) مشبہ بہ (C) وجہ شبہ (D) تشبیہ

7- جس چیز کو تشبیہ دی جائے ' اسے کہتے ہیں — (A) مشبہ (B) مشبہ بہ (C) حرف تشبیہ (D) غرض تشبیہ

8- مشترک خوبی کی بنیاد پر کسی چیز کو ہو بہو دوسری چیز قرار دینا ' کہلاتا ہے — (A) تشبیہ (B) استعارہ (C) کنایہ (D) تلمیح

9- " خدا تربیت ناداں دراز سن تو کرے " مصرع مثال ہے — (A) مستعار لہ کی (B) مستعار منہ کی (C) استعارہ کی (D) مجاز مرسل کی

10- تلمیح کس زبان کا لفظ ہے ؟ — (A) اردو (B) فارسی (C) ہندی (D) عربی

11- کونسا الفاظ کا گروپ قافیہ ہیں ؟ — (A) صحرا ' جنگل (B) رہتا ' بہتا (C) زرد ' سرخ (D) ثابت ' سیارہ

12- مقطع کی پہچان — (A) پہلا شعر (B) آخری شعر (C) حاصل غزل شعر (D) تخلص اور آخری شعر

13- ردیف آئے گی — (A) قافیے کے بعد (B) مصرع اولیٰ میں (C) بیت الغزل میں (D) کسی بھی مصرعے میں

14- مطلع آتا ہے — (A) نظم میں (B) ترکیب بند میں (C) غزل میں (D) گیت میں

15- دونوں مصرعوں کا ہم قافیہ اور ہم ردیف ہونا ضروری ہے — (A) غزل کے لئے (B) نظم کے لئے (C) مقطع کے لئے (D) مطلع کے لئے

16- کنویں کا پانی ________ ہے — (A) کھارا (B) کھاری (C) کھاریں (D) کھارے

17- بارش ہو ________ ہے — (A) رہا (B) رہو (C) رہے (D) رہی

18- اس نے حلف ________ — (A) لیا (B) لی (C) لئے (D) لایا

19- عمارہ کو اردو نہیں ________ — (A) آتا (B) آتے (C) آتی (D) آیا

20- اسلم نے شراب ________ — (A) پیے (B) پیا (C) پی (D) پیو

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# DG Khan Board-2018

گیارہویں کلاس 12018

pakcity.org

اردو لازمی ، گروپ پہلا

وقت = 2 گھنٹے 40 منٹ

کل نمبر = 80

## حصہ انشائیہ

۲۔(الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۱+۴+۴

گھٹاؤں کی نیلی فام پریاں افق پہ دھو میں مچا رہی ہیں — ہواوں میں تھرتھرا رہی ہیں فضاؤں کو گدگدا رہی ہیں

یہ مینہ کے قطرے مچل رہے ہیں کہ ننھے سیارے ڈھل رہے ہیں — افق سے موتی ابل رہے ہیں گھٹائیں موتی لٹا رہی ہیں

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۳+۳+۳

یہ آرزو تھی تجھے گل کے روبرو کرتے — ہم اور بلبل بے تاب گفتگو کرتے

پیام بر نہ میسر ہوا تو خوب ہوا — زبان غیر سے کیا شرح آرزو کرتے

ہمیشہ میں نے گریباں کو چاک چاک کیا — تمام عمر رفوگر رہے رفو کرتے

۳۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۵ = ۱+۱+۳+۱۰

(الف) عفو و اغماض ان کی سرشت میں داخل تھا مگر ان کی ابتدائی روک ٹوک اور حسن ترتیب سے یہ تمام ملکات ان کی طبیعت میں اور زیادہ راسخ ہو گئے تھے ۔ نیک اور عاقل ماں نے بیٹے کے دل میں یہ بات ڈالی تھی کہ سب سے بہتر تو یہ ہے کہ بروں کی برائی سے بالکل درگزر کی جائے اور اگر بدلہ ہی لینے کا خیال ہو تو اس بڑے اور زبردست انتقام لینے والے کے انصاف پر چھوڑ دینا چاہیے

(ب) شہر میں سیکڑوں مکان گرے اور مینہ کی نئی صورت ' دن رات میں دو چار بار برسے اور ہر بار اس زور سے کہ ندی نالے بہ نکلیں۔ بالا خانے کا جو دالان میرے اٹھنے بیٹھنے ' سونے جاگنے ' جینے مرنے کا محل ہے ' اگرچہ گرا نہیں لیکن چھت چھلنی ہو گئی ۔ کہیں لگن ' کہیں چلمچی کہیں اگالدان رکھ دیا ۔ قلمدان ' کتابیں اٹھا کر توشے خانے کی کوٹھڑی میں رکھ دیے ۔ مالک مرمت کی طرف متوجہ نہیں ۔ کشتی نوح میں تین مہینے رہنے کا اتفاق ہوا ۔

۴۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۹

(الف) سفارش (ب) کیا واقعی دنیا گول ہے ؟

۵۔ حفیظ جالندھری کی نظم " ہلال استقلال " کا خلاصہ تحریر کیجیے ۵

۶۔ دو خواتین کے درمیان " اشیائے خورد و نوش کی مہنگائی " کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے ۱۰

یا

ایک تفریحی سفر کی روداد قلم بند کیجیے

۷۔ ڈپٹی کمشنر کے نام حصول ملازمت کی درخواست تحریر کیجیے ۱۰

۸۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے نیز مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے ۱۰ = ۲+۸

پست معیار تعلیم کی کئی وجوہات ہیں ۔ سب سے بڑی وجہ ناقص منصوبہ بندی ہے ۔ نام نہاد ترقی پسندی کے سبب ہر تحصیل اور قصبہ میں کالج تو کھل گیا ۔ لیکن کالج بے شمار مسائل سے دوچار ہیں ۔ مثلاً عمارت کا فقدان ' اساتذہ کی کمی ' رہائش کے مسائل ' تجربہ گاہوں کی کمی ' ہال اور ہوسٹل سے محرومی وغیرہ ۔ مذکورہ مسائل کے سبب نوجوان نسل کا نقصان ہو رہا ہے اور تعلیمی معیار بھی گرتا چلا جا رہا ہے ۔



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

PAPER CODE - 6022

DG Khan Board-2018

گیارہویں کلاس 12018

اردو لازمی ، گروپ دوسرا

## حصہ معروضی

وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

pakcity.org

سوال نمبر 1

1- نصابی سبق " ابوالقاسم زہراوی " کے مصنف کا نام لکھیے (A) حمید عسکری (B) شبلی نعمانی (C) مولانا حالی (D) نسیم حجازی

2- حضرت قمر کی بیوی کا نام تھا (A) رضیہ (B) شمیم (C) سکینہ (D) نصیبہ

3- نیکے کوچوان کے والد کا نام تھا (A) حمید (B) شیدا (C) صدیقا (D) جیدا

4- پطرس بخاری نے لاہور کی سب سے بڑی صنعت قرار دی ہے (A) انجمن سازی (B) رسالہ سازی (C) فلم سازی (D) دندان سازی

5- مصنف نے کتنا عرصہ مرغیوں کی عادات و خصائل کا مطالعہ کیا ؟ (A) چھ ماہ (B) ایک سال (C) ڈیڑھ سال (D) دو سال

6- " نجمہ پھول کی طرح ہے " کیا ہے ؟ (A) استعارہ (B) تشبیہ (C) تلمیح (D) مجاز مرسل

7- مشبہ اور مشبہ بہ کو کہتے ہیں (A) وجہ جامع (B) غرض تشبیہ (C) طرفین تشبیہ (D) وجہ تشبیہ

8- وہ مشترک صفت جو مستعار لہٗ اور مستعار منہٗ میں پائی جاتی ہے ۔ کہلاتی ہے (A) مستعار منہٗ (B) مستعار لہٗ (C) وجہ جامع (D) وجہ شبیہ

9- جس چیز کے لئے کوئی لفظ ادھار لیا جائے ۔ کہلاتا ہے (A) مستعار لہٗ (B) مستعار منہٗ (C) وجہ شبیہ (D) وجہ جامع

10- تلمیح ہے (A) موتیوں جیسے دانت (B) برف کی طرح ٹھنڈا پانی (C) آب حیات (D) شیر جیسا

11- غزل یا قصیدے کا پہلا شعر جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں ۔ کہلاتا ہے (A) قافیہ (B) مقطع (C) مطلع (D) ردیف

12- مطلع کے لغوی معنی ہیں (A) غروب ہونے کی جگہ (B) بیٹھنے کی جگہ (C) سونے کی جگہ (D) طلوع ہونے کی جگہ

13- تک میرؔ جگر سوختہ کی جلد خبر لے کیا یار بھروسہ ہے چراغ سحری کا

اصطلاح شعر میں کیا کہیں گے (A) حسن مطلع (B) مطلع (C) مقطع (D) مطلع ثانی

14- غزل کے اشعار کے آخر میں آنے والے مستقل الفاظ کو کہتے ہیں (A) قافیہ (B) ردیف (C) ٹیپ کے الفاظ (D) تکرار الفاظ

15- " ہیرے بجل تھے ، گوہر یکتا نثار تھے پتے بھی ہر شجر کے جواہر نگار تھے "

اس شعر میں " نثار " اور " نگار " ہیں (A) مطلع (B) مقطع (C) ردیف (D) قافیہ

16- اس کی والدہ کے انتقال ــــــــــــ ہے (A) کی تار آئی (B) کا تار آیا (C) تار آئے (D) تاریں آئیں

17- صابن سے میل اتر ــــــــــــ ہے (A) جاتی (B) جاتیں (C) جاتے (D) جاتا

18- " نوائے وقت " ہر روز شائع ــــــــــــ ہے (A) ہوتا (B) ہوتی (C) ہوتے (D) ہوتیں

19- یہ گھوڑا گاڑی کس ــــــــــــ (A) کا ہے (B) کے ہیں (C) کی ہے (D) کا ہیں

20- سمیرا خبر سن کر ــــــــــــ رہ گئی (A) ہکی بکی (B) ہکا بکا (C) ہکا بکی (D) بکی ہکا

3 (Obj) - 12018 - 80000 SEQUENCE - 1

Please visit for more data at: www.pakcity.org
www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

DG Khan Board-2018

گیارہویں کلاس 12018

اردو لازمی ' گروپ دوسرا

وقت = 2 گھنٹے 40 منٹ

حصہ انشائیہ

کل نمبر = 80

pakcity.org

۲۔(الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۱+۴+۴

کبھی اے نوجواں مسلم ! تدبر بھی کیا تو نے وہ کیا گردوں تھا ' تو جس کا ہے اک ٹوٹا ہوا تارا
تجھے اس قوم نے پالا ہے آغوشِ محبت میں کچل ڈالا تھا جس نے پاؤں میں تاجِ سردارا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۳+۳+۳

رسمِ جفا کامیاب ' دیکھیے کب تک رہے حبِ وطن مست خواب دیکھیے کب تک رہے
دل پہ رہا مدتوں ' غلبہ یاس و ہراس قبضہ حزم و حجاب دیکھیے کب تک رہے
پردہ اصلاح میں کوششِ تخریب کا خلقِ خدا پر عذاب دیکھیے کب تک رہے

۳۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۵ = ۱+۱+۳+۱۰

(الف) چراغ کا کام جلنا ہے ۔ اس کی روشنی پھیلتی ہے یا اس کے سامنے کوئی دیوار ہے ' اسے اس سے مطلب نہیں ۔ میرا ابھی ایسا کون دوست ' شناسا یا رشتہ دار ہے، جس کا میں شرمندۂ احسان نہیں ۔ یہاں تک کہ اب گھر سے نکلتے بھی شرم آتی ہے ۔ اطمنان صرف اتنا ہے کہ لوگ مجھے بدنیت تصور نہیں کرتے خواہ وہ میری کچھ زیادہ امداد نہ کر سکیں مگر انہیں مجھ سے ہمدردی ہے ۔ میری خوشی کے لیے اسی قدر کافی ہے کہ آج مجھے ایک رئیس نے بلایا ہے ۔

(ب) تم سچ کہتے ہو کہ بہت مسودے اصلاح کے واسطے فراہم ہوئے ہیں مگر یہ نہ سمجھنا کہ تمھارے ہی قصائد پڑے ہیں ۔ نواب صاحب کی غزلیں بھی اسی طرح دھری ہوئی ہیں ۔ برسات کا حال تمہیں بھی معلوم ہے اور یہ بھی تم جانتے ہو کہ میرا مکان گھر کا نہیں ہے ۔ کرائے کی حویلی میں رہتا ہوں ۔ جولائی سے مینہ شروع ہوا ۔ شہر میں سیکڑوں مکان گرے اور مینہ کی نئی صورت ' دن رات میں دو چار بار برسے اور ہر بار اس زور سے کہ ندی نالے بہہ نکلیں ۔ بالاخانے کا جو دالان میرے اٹھنے بیٹھنے ' سونے جاگنے ' جینے مرنے کا محل ہے اگرچہ گرا نہیں لیکن چھت چھلنی ہوگئی ۔ مالک مرمت کی طرف متوجہ نہیں ۔ کشتی نوح میں تین مہینے رہنے کا اتفاق ہوا۔ اب نجات ہوئی ہے ۔ نواب صاحب کی غزلیں اور تمہارے قصائد دیکھے جائیں گے ۔

pakcity.org

۴۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۹

(الف) ابوالقاسم زہراوی (ب) لاہور کا جغرافیہ

۵۔ مولانا ظفر علی خاں کی نظم " مستقبل کی جھلک " کا خلاصہ تحریر کیجیے ۵

۶۔ دو دوستوں کے درمیان سگریٹ نوشی کے نقصانات پر مکالمہ تحریر کیجیے ۱۰

یا

کسی نعتیہ مشاعرہ کی تقریب کی روداد لکھیے

۷۔ پرنسپل صاحب کے نام زرِ ضمانت لائبریری کی واپسی کے لئے درخواست لکھیے ۱۰

۸۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے نیز مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے ۱۰ = ۲+۸

سرسید نے اپنے خیالات کے ظاہر کرنے میں بناوٹ اور تصنع کو کبھی شامل نہیں کیا ۔ جس سادگی اور بے تکلفی کے ساتھ ابتدا میں مطلب نگاری شروع کی تھی ' غدر کے زمانے تک جو کہ تقریباً بیس برس ہوتا ہے ۔ اپنے سیدھے سادے نیچرل اسٹائل (قدرتی اسلوب) میں ہر قسم کی کتابیں ' مضامین ' مقدمات کے فیصلے اور دیگر تحریریں برابر لکھتے رہے ۔ یہ بیس سال کی مشق اور مہارت جو اس انداز میں جاری رہی ۔ اس نے ہر قسم کے پیچیدہ مضمون کے سلجھانے کی غیر معمولی صلاحیت پیدا کر دی ۔

Please visit for more data at: www.pakcity.org